© rasailojaraid.com

# کتاب نما

**تفہیم القرآن پر اعتراضات کی علمی کمزوریاں**' مولانا عامر عثمانیؒ۔ مرتبہ: سید علی مطہر نقوی امروہوی۔ ناشر: مکتبہ الحجاز پاکستان' ۲۱۹/۱۷' بلاک سی' حیدری' شمالی ناظم آباد' کراچی--۵۰۰۰۰۷۔ صفحات: ۲۴۰۔ قیمت: ۱۲۵ روپے

گذشتہ صدی عیسوی کے دوران' جنوب مشرقی ایشیا میں جس عالم دین کو سب سے زیادہ علما کی منفی اور سوقیانہ تنقید کا سامنا کرنا پڑا' وہ مولانا مودودی رحمتہ اللہ علیہ تھے۔ اس تنقید یا تنقیص میں دلیل کم' اور تعصب کا عنصر زیادہ تھا۔ اس کے باقیات اب بھی کسی نہ کسی شکل میں سامنے آتے رہتے ہیں۔

مولانا عامر عثمانیؒ فاضل دیوبند' علامہ شبیر احمد عثمانیؒ کے بھتیجے' مولانا حسین احمد مدنیؒ کے شاگرد اور دیوبند سے شائع ہونے والے ماہ نامہ تجلّی کے مدیر شہیر تھے۔ انھوں نے اس افسوس ناک صورت حال میں سچائی کا دفاع کرنے اور فاول پلے کو روکنے کے لیے اپنے علم وفضل کے ساتھ ساتھ' حیرت انگیز حد تک ثابت قدمی سے کام لیا۔ مولانا مودودی پر حملہ آور قوتوں کے بارے میں انھوں نے پتے کی بات کہی ہے: ''جس طرح ''کوکا کولا'' پینا ایک فیشن بن گیا ہے' اسی طرح مولانا مودودی کی تحریر وتقریر پر اعتراض بھی کئی حلقوں میں داخل فیشن ہو گیا ہے'' (ص ۱۷۷)۔ ''بلاشبہہ غلطیاں شبلیؒ اور ابوالکلامؒ اور مودودیؒ اور غزالیؒ اور ابوحنیفہؒ سب سے ہو سکتی ہیں' مگر ان کی نشان دہی اور اثبات کے لیے تقویٰ اور تبحر اور بیدار مغزی چاہیے اور طنز وتحقیر سے پرہیز ضروری ہے'' (ص ۵۹-۶۰)

وہ کہتے ہیں: ''میرے نزدیک مودودی کی دوستی اور دشمنی کوئی حیثیت نہیں رکھتی۔ میں مودودی صاحب کی حیثیت اس سے زیادہ کچھ نہیں سمجھتا کہ وہ اللہ کے ایک بندۂ ناچیز ہیں' وہ قرآن وسنت کے مطابق کہیں تو جان و مال سے قبول' خلافِ قرآن وسنت کہیں تو ہزار بار ردّ۔ یہی طریقہ میرے اسلاف کا رہا ہے۔ تمھیں عقل وانصاف اور دیانت وشرافت کے معیاروں پر توجہ کرنی چاہیے۔ تم جو چُھرا اپنے خیال میں مولانا مودودی کی عظمت و احترام کے سینے میں گھونپ رہے ہو وہ درحقیقت اللہ کے دین اور دعوت حق اور تحریک

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



اسلامی کے سینے میں گھونپتے ہو''۔ (ص ۲۳۳-۲۳۴)

ان احساسات کے ساتھ انھوں نے تفہیم القرآن پر اعتراضات کا تجزیہ کیا تھا، جسے رسالہ تجلّی سے اخذ و مرتب کر کے جناب سید علی مطہر نقوی نے زیر تبصرہ کتاب کی صورت میں پیش کر دیا ہے۔

انوار الباری کے مصنف مولانا سید احمد رضا بجنوری کی جانب سے تفہیم میں نسائھن کے ترجے پر اعتراض وارد کیا گیا اور پھر عجیب و غریب اسلوب میں کھینچا تانی کی گئی، جس کے طول و عرض کا اندازہ جناب عامر عثمانی کے علمی تجزیے سے ہوتا ہے۔ عثمانی مرحوم نے اس اعتراض کا تجزیہ کرتے ہوئے تقریباً چالیس صفحات میں سلف و خلف سے نظائر پیش کر کے اعتراض کے کھوکھلے پن کو علمی سطح پر بے نقاب کیا ہے۔

اسی طرح بجنوری صاحب، مولانا مودودی کے ایک پارۂ تشریح کو ہدف تنقید بناتے ہیں جس میں مولانا مودودی نے لکھا ہے: ''عام طور پر یہ جو مشہور ہو گیا ہے کہ شیطان نے پہلے حضرت حوا کو دامِ فریب میں گرفتار کیا اور پھر انھیں حضرت آدمؑ کو پھانسنے کے لیے آلہ کار بنایا، قرآن اس کی تردید کرتا ہے...... بہ ظاہر یہ بہت چھوٹی سی بات معلوم ہوتی ہے، لیکن جن لوگوں کو معلوم ہے کہ حضرت حوا کے متعلق اس مشہور روایت نے دنیا میں عورت کے اخلاقی، قانونی اور معاشرتی مرتبے کو گرانے میں کتنا زبردست حصہ لیا، وہی قرآن کے اس بیان کی حقیقی قدر و قیمت سمجھ سکتے ہیں''۔ (تفہیم القرآن، ج ۲، ص ۱۶)

مولانا بجنوری نے اس ٹکڑے کو مولانا مودودی کی ''تجدد پسندی'' اور ''مساوات مرد و زن کی علم برداری'' قرار دے کر جو انداز سخن اختیار کیا، وہ پڑھ کر انسان حیرت زدہ رہ جاتا ہے۔ موصوف نے مولانا مودودی کو ردّ کرنے کے جوش میں عورت کی تذلیل اور ''فطری گھٹیا پن'' کو ثابت کرنے کے لیے اسرائیلیات کے انبار اور ذخیرۂ حدیث سے مختلف ٹکڑوں کو استعمال کرنے کی ایک افسوس ناک روش اختیار کی جسے عامر عثمانی نے وسیع نظائر اور مضبوط دلائل سے واضح کیا۔ وہ لکھتے ہیں: ''پھر [مولانا بجنوری نے] عورتوں کو مرد کے مقابلے میں زیادہ مکار، کم رتبہ اور گھٹیا ثابت کرنے کے لیے جن روایات کا سہارا لیا ہے...... ان کا مطلب وہ ہے ہی نہیں، جو [مولانا بجنوری] زبردستی نکال رہے ہیں'' (ص ۷۱)۔

کتاب کا دوسرا باب بھی بڑا معرکہ آرا ہے۔ مولانا مودودی نے آدمؑ کی پسلی سے حضرت حوا کی ولادت والی روایات سے اختلاف کیا ہے۔ بعض علما نے مولانا مودودی کی اس رائے پر جو خاک اڑائی اس کا تجزیہ کرتے ہوئے، عامر عثمانی مرحوم نے دلائل و براہین کے ذریعے معترض حضرات کے داخلی تضاد کو نمایاں کیا۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



باب سوم میں ’تفہیم القرآن‘ کے بعض دوسرے حصوں پر وارد کیے جانے والے اعتراضات و اشکالات پر سیر حاصل بحث کی گئی ہے۔ جناب عثمانی ہر اعتراض کو علمی ذخیرے کی میزان پر تولتے اور اعتراض کے داخل و خارج کو موضوع بحث بناتے ہیں۔ ان مباحث میں انھوں نے متعدد احادیث کے متن اور نتائج پر ایسی اعلیٰ درجے کی بحث کی ہے کہ ان کے اسلوب بحث و بیان پر بعض اوقات مولانا امین احسن اصلاحیؒ کے لہجے کا گمان گزرتا ہے۔

یہ مجموعۂ مضامین‘ ایک طرف مولانا مودودی کے معترضین کے فکر و کلام کی کج روی کو واضح کرتا ہے‘ دوسری طرف مولانا مودودی کی سلامتِ فکر‘ اور اس کے ساتھ ہی عامر عثمانی مرحوم کے تبحرِ علمی اور قدرتِ بیان کا ایک اَن مٹ نقش بھی مرتب کرتا ہے۔ (سلیم منصور خالد)

**روح القرآن**‘ سید قاسم محمود۔ ناشر: بک مین‘ الشجر بلڈنگ‘ نیلا گنبد‘ لاہور۔ صفحات: ۲۰۸۔ قیمت: ۱۲۰ روپے۔

یہ ’’آیاتِ قرآنی کا موضوع وار جامع اشاریہ‘‘ ہے۔ آیات قرآنی کے اردو تراجم (اقتباسات) کو مع حوالہ سورہ اور آیت‘ مختلف عنوانات کے تحت جمع کیا گیا ہے۔ مضامین یا عنوانات اس قسم کے ہیں: اتحاد‘ اجر‘ احسان‘ اخلاق‘ اذان‘ تاریکی‘ تبلیغ‘ تجارت‘ تخلیق‘ بارش‘ بادل‘ بجلی‘ بدعت‘ چوری‘ چاند‘ جھوٹ‘ جہنم‘ جہالت وغیرہ--- بعض عنوانات غیر اہم‘ مبہم اور ضمنی ہیں‘ جیسے: ہوا‘ برکت‘ باغ‘ بچپن‘ تاریکی‘ دودھ‘ جوانی‘ سفر--- ایسے موضوعات کی بذات خود کوئی اہمیت نہیں‘ ان کی معنویت کسی دوسرے اہم موضوع کے تحت ہی بنتی ہے۔ اس کے برعکس بعض بنیادی موضوعات کو عنوانات نہیں بنایا گیا‘ جیسے: آخرت‘ انفاق‘ حشر یا قیامت وغیرہ۔

اصلاً یہ ایک مفید کام ہے لیکن اس کے لیے جو خاطر خواہ توجہ‘ باریک بینی اور محنت و کاوش درکار تھی‘ اس میں کچھ کمی رہ گئی چنانچہ بعض باتیں کھٹکتی ہیں۔ بہت سی آیات‘ صحیح عنوانات کے تحت نہیں ہیں‘ مثلاً: ص ۴۷ پر آیت ’’اور جو لوگ سونا چاندی جمع... ‘‘ عنوان: ’’بشارت‘‘ کے تحت نہیں‘ ’’بخل‘‘ یا ’’کنجوسی‘‘ کے تحت آنی چاہیے تھی۔ ص ۷۹ پر ’’ختم نبوت‘‘ کے تحت پہلی دونوں آیتوں کا‘ عنوان سے کوئی تعلق نہیں‘ ان کا عنوان ’’اسلام‘‘ یا ’’دین‘‘ صحیح ہے۔ ص ۱۰۰ پر ’’سفر‘‘ کے تحت پہلی آیت کا صحیح عنوان ’’روزہ‘‘ ہے۔ ص ۴۶‘ کالم ۲‘ ’’اور ویسی یہ کتاب... ‘‘ کا صحیح عنوان ’’قرآن‘‘ ہے‘ نہ کہ ’’برکت‘‘ --- ص ۱۲۶ پر ’’فتح مکہ‘‘ کے تحت دی گئی آیت کا اشارہ اسلام کی فیصلہ کن فتح کی طرف ہے‘ اس کا ’’فتح مکہ‘‘ سے تعلق نہیں‘ کیوں کہ فتح مکہ ۸ ہجری میں ہوئی اور یہ سورہ ۱۰ ہجری میں نازل ہوئی۔ ص ۱۹۰ پر ’’نشہ‘‘ کے تحت ’’لوگو! اپنے رب سے ڈرو... ‘‘ کا موضوع آخرت اور قیامت ہے‘ ’’نشہ‘‘ سے اس کا دور کا واسطہ بھی نہیں۔ ص ۸۰: طلاق اور خلع دو مختلف موضوع ہیں‘

© rasailojaraid.com